روزنامہ
الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ہفتہ 5 مئی 2007ء 17 ربیع الثانی 1428 ہجری 5 ہجرت 1386 ھش جلد 57-92 نمبر 98

یہ تیرا ٹھکانا ہے

حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی مرجاتا ہے تو صبح وشام اس کا ٹھکانہ دوزخ یا جنت والا اس کے سامنے پیش کر کے اسے دکھایا جاتا ہے۔ اگر جنتیوں میں سے ہو تو جنتیوں میں اور اگر دوزخیوں میں سے ہو تو دوزخیوں میں اور اسے کہا جاتا ہے یہ ہے تیرا ٹھکانہ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تجھے قیامت کے دن اٹھائے۔

(صحیح بخاری کتاب الجنائز باب المیت یعرض علیه حدیث نمبر:1290)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

موت کو یاد رکھیں

موت کیا دور ہے؟ جس کی پچاس برس کی عمر ہو چکی ہے۔ اگر وہ زندگی پالے گا تو دو چار برس اور پالے گا یا زیادہ سے زیادہ دس برس۔ اور آخر مرنا ہوگا۔ موت ایک یقینی شے ہے جس سے ہرگز ہرگز کوئی بچ نہیں سکتا۔ میں دیکھتا ہوں کہ لوگ روپیہ پیسہ کے حساب میں ایسے غلطاں پیچاں رہتے ہیں کہ کچھ حد نہیں، مگر عمر کا حساب کبھی نہیں کرتے۔ بدبخت ہے وہ انسان جس کو عمر کے حساب کی طرف توجہ نہ ہو۔ سب سے ضروری اور حساب کے لائق جو شے ہے وہ عمر ہی تو ہے۔ ایسا نہ ہو کہ موت آجائے اور یہ حسرت لے کر دنیا سے کوچ کرے۔ قرآن شریف سے ثابت ہوتا ہے کہ جیسے بہشتی زندگی اسی دنیا سے شروع ہو جاتی ہے۔ جہنم کی زندگی بھی یہاں ہی سے شروع ہو جاتی ہے۔ جب انسان حسرت کے ساتھ مرتا ہے، تو بہت بڑے جہنم میں ہوتا ہے۔ جب دیکھتا ہے کہ اب چلا۔ ہیضہ، طاعون، محرقہ، خفقان یا کسی اور شدید مرض میں مبتلا ہوتا ہے، تو موت سے پہلے ایک موت وارد ہو جاتی ہے۔ جو دل اور روح کو فرسودہ کر دیتی ہے۔ اور وہ بھی حسرت ہوتی ہے۔ بعض امراض ایسے ہیں کہ دو منٹ میں دم لینے نہیں دیتے اور جھٹ پٹ کام تمام کر دیتے ہیں۔ جس نے ایک دن بھی مطالعہ کیا کہ میں مرنے والا جانور ہوں وہ اس عذاب سے بچنے کی فکر میں ہوا جو انسان کو حسرت کے رنگ میں کھا جاتا ہے۔

ہمارے عزیزوں میں سے ایک کو قولنج ہوئی۔ آخر پیشاب بند ہو کر سیاہ رنگ کی ایک قے ہوئی اور اس کے ساتھ ہی گردن لٹک گئی۔ اس وقت کہا کہ اب معلوم ہوا کہ دنیا کچھ چیز نہیں۔ یقیناً یاد رکھو کہ دنیا کوئی چیز نہیں۔ کون کہہ سکتا ہے کہ ہم سب جو اس وقت یہاں موجود ہیں، سال آئندہ میں بھی ضرور ہوں گے۔ بہت سے ہمارے دوست جو پچھلے سال موجود تھے، آج نہیں ہیں۔ انہیں کیا معلوم تھا کہ اگلے سال ہم نہ ہوں گے۔ اسی طرح اب کون کہہ سکتا ہے کہ ہم ضرور ہوں گے اور کس کو معلوم ہے کہ مرنے والوں کی فہرست میں کس کس کا نام ہے۔ پس بڑا ہی مورکھ اور نادان ہے وہ شخص جو مرنے سے پہلے خدا سے صلح نہیں کرتا اور جھوٹی برادری کو نہیں چھوڑتا۔

(ملفوظات جلد اول ص 427)

موت کے آجانے کا ہم کو کوئی وقت معلوم نہیں کہ کس وقت آجاوے۔ اسی لئے ضروری ہے کہ اس سے بے فکر نہ ہوں۔ پس دین کی غمخواری ایک بڑی چیز ہے جو سکرات الموت میں سرخرو رکھتی ہے۔ قرآن شریف میں آیا ہے۔............ (الحج:2) ساعت سے مراد قیامت بھی ہوگی۔ ہم کو اس سے انکار نہیں، مگر اس میں سکرات الموت ہی مراد ہے، کیونکہ انقطاع تام کا وقت ہوتا ہے۔ انسان اپنے محبوبات اور مرغوبات سے یک دفعہ الگ ہوتا ہے اور ایک عجب قسم کا زلزلہ اس پر طاری ہوتا ہے۔ گویا اندر ہی اندر وہ ایک شکنجہ میں ہوتا ہے، اس لئے انسان کی تمام تر سعادت یہی ہے کہ وہ موت کا خیال رکھے اور دنیا اور اس کی چیزیں اس کی ایسی محبوبات نہ ہوں جو اس آخری ساعت میں علیحدگی کے وقت اس کی تکالیف کا موجب ہوں۔

(ملفوظات جلد اول ص 403)

یتامیٰ کی خبرگیری

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔
”یتیم کی طرف توجہ نہ کرنا قوم کو تنزل کی طرف لے جاتا ہے۔“

(تفسیر کبیر جلد 10 صفحہ 219)

نصرت جہاں سکیم کے واقفین
ڈاکٹرز سے ایک ضروری گزارش

مجلس نصرت جہاں کے بانی حضرت مرزا ناصر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 3 نومبر 1972ء بمقام بیت الاقصیٰ ربوہ میں نصرت جہاں آگے بڑھو سکیم کے حوالہ سے فرمایا۔

”اس سکیم کے ماتحت بہت سے کام ہو رہے ہیں۔ اس الٰہی سکیم کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے پیار اور اس کی رحمت کے عجیب نظارے ہم آئے روز دیکھتے رہتے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ نظارے جماعت کے سامنے آنے چاہئیں تاکہ وہ بھی شکر ادا کریں اور دل کی گہرائیوں سے الحمدللہ کا ورد کریں اور دین کی راہ میں بشاشت کے ساتھ مزید قربانیاں دینے کے لئے تیار رہوں۔“

(خطبات ناصر جلد 4)

فی الوقت مشرقی، مغربی اور وسطی افریقہ کے 12 ممالک کے 41 احمدیہ طبی اداروں میں خدمت کی توفیق پانے والے پینتالیس سے زائد ڈاکٹرز اور لیڈی ڈاکٹرز سے درخواست ہے کہ اپنی پریکٹس کے دوان رونما ہونے والے معجزانہ شفاء اور تائید الٰہی کے ایمان افروز واقعات قلمبند کر کے اشاعت کے لئے ضرور بھجوایا کریں۔ یہ واقعات جماعت کی تاریخ کا حصہ ہیں اور انہیں محفوظ کرنا بھی ہمارے کاموں میں سے ایک کام ہے۔

(سیکرٹری مجلس نصرت جہاں۔ ربوہ)

درخواست دعا

پاکستان بھر میں احمدی طلباء و طالبات پرائمری، مڈل اور انٹرمیڈیٹ وغیرہ کے امتحانات دے رہے ہیں تمام احباب جماعت ان کی اعلیٰ کامیابیوں کے لئے دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ تمام طلباء و طالبات کا حافظ و ناصر ہو۔ (آمین)

(نظارت تعلیم)

احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

اتوار 6 مئی 2007ء

1-30 am خبریں
2-05 am چلڈرنز کلاس
3-05 am رفقاء احمد
3-55 am خطبہ جمعہ
5-00 am تلاوت، درس، خبریں
6-05 am قرآن کریم کوئز
6-35 am لقاء مع العرب
7-40 am کڈز ٹائم
8-10 am خطبہ جمعہ
9-10 am رفقاء احمد
9-40 am مشاعرہ
10-30 am آسٹریلیا کا تعارف
11-00 am تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm بستان وقف نو
1-20 pm دورہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
2-30 pm کڈز ٹائم
3-10 pm انڈونیشین سروس
4-10 pm سپینش سروس
5-15 pm تلاوت، درس، خبریں
6-15 pm بنگلہ سروس
7-05 pm خطبہ جمعہ
8-05 pm بستان وقف نو
9-20 pm دورہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
10-30 pm سوال و جواب
11-30 pm عربی سروس
12-35 pm کڈز ٹائم

سوموار 7 مئی 2007ء

1-30 am خبریں
2-00 am بستان وقف نو
3-15 am دورہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز
4-15 am علمی خطابات
5-15 am تلاوت، درس، خبریں
6-20 am عربی سیکھئے
6-40 am لقاء مع العرب
7-50 am خطبہ جمعہ
9-00 am سوال و جواب
10-00 am علمی خطابات
11-00 am تلاوت، درس، خبریں
12-15 pm گلشن وقف نو
1-30 pm فرانسیسی سروس
2-00 pm ملاقات
3-00 pm انڈونیشین سروس
4-05 pm غزوات النبی ﷺ
5-00 pm تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm بنگلہ سروس
7-00 pm خطبہ جمعہ
8-00 pm گلشن وقف نو
9-05 pm تقریر
9-40 pm طب و صحت
10-10 pm فرانسیسی سروس
11-30 pm عربی سروس

منگل 8 مئی 2007ء

1-35 am خبریں
2-10 am گلشن وقف نو
3-35 am خطبہ جمعہ
4-45 am تقاریر
5-20 am تلاوت، درس، خبریں
6-15 am فرانسیسی سروس
6-40 am لقاء مع العرب
7-45 am خطبہ جمعہ
8-30 am فرانسیسی ملاقات
9-40 am تقریر
10-10 am غزوات النبی ﷺ
11-00 am تلاوت، درس، خبریں
12-05 pm گلشن وقف نو
1-10 pm عربی سیکھئے
1-25 pm ڈاکومینٹری: افریقن سفاری
1-55 pm سوال و جواب
3-00 pm انڈونیشین سروس
4-00 pm سندھی سروس
5-00 pm تلاوت، درس، خبریں
6-00 pm بنگلہ سروس
7-00 pm جلسہ سالانہ کینیڈا 2005ء
8-10 pm ڈاکومینٹری
8-40 pm عربی سیکھئے
9-00 pm گلشن وقف نو
10-25 pm سوال و جواب
11-30 pm عربی سروس

باقی صفحہ 12 پر

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

❁ مکرم طاہر محمود چوہدری صاحب مشنری انچارج زیمبیا تحریر کرتے ہیں کہ میرے والد محترم چوہدری محمد لطیف صاحب مورخہ یکم مئی 2007ء کو 91 سال کی عمر میں بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ مرحوم اللہ تعالیٰ کے فضل سے موصی تھے اور لمبا عرصہ صدر جماعت احمدیہ نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ خدمات کی توفیق ملی۔ مورخہ 2 مئی کو نماز عصر کے بعد بیت مبارک ربوہ میں مکرم راجہ نصیر احمد صاحب ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ نے نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد آنمکرم نے ہی دعا کروائی۔ میرے والد صاحب کا تعلق گھنیالیاں کی ملہی برادری سے تھا اور بیعت سے پہلے جماعت احمدیہ کے شدید مخالفین میں آپ کا شمار ہوتا تھا اور کسی احمدی سے ملنا یا بات کرنا گوارا نہ تھا بعد ازاں دعوت الامیر کسی طرح ہاتھ لگی اور دل کی کایا پلٹ گئی۔ احمدی ہونے کے بعد اسی شدت کے ساتھ ساری زندگی جماعت احمدیہ اور خلافت کے ساتھ وفا کا تعلق رکھا، چندوں کی ادائیگی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ آپ کی اولاد میں تین بیٹیاں اور ایک بیٹا ہے۔ میرے بڑے بہنوئی مکرم چوہدری عطاء اللہ صاحب صدر جماعت احمدیہ نصیر آباد غالب ربوہ ہیں اور میری دوسری بہن مکرم چوہدری محمد عیسیٰ صاحب مربی سلسلہ عالیہ احمدیہ کی بیوہ ہیں۔ وفات کی اطلاع ان کو بھی لندن میں ہوئی تدفین سے قبل تشریف لے آئیں۔ خاکسار بھی وفات کے وقت زیمبیا میں تھا تاہم اللہ تعالیٰ نے آخری دیدار کی توفیق دی۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں مقام عطا کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے۔ آمین

ملازمت کے مواقع

❁ ایبٹ لیبارٹریز پاکستان لمیٹڈ کو B.Sc بائیو میڈیکل یا الیکٹرانکس انجینئر درکار ہیں۔ درخواستیں 13 مئی 2007ء تک بالمقابل ریڈیو ٹرانسمیشن سینٹر حیدرآباد روڈ کراچی پہنچ جانی چاہئیں۔

❁ سکول آف بزنس اینڈ اکنامکس لاہور کو بزنس ایڈمنسٹریشن، فنانس اینڈ اکنامکس اور مارکیٹنگ اینڈ سپلائی میں ماہر افراد کی ضرورت ہے۔ درخواستیں 20 مئی 2007ء تک ہیڈ آفس آف ہیومن ریسورسز، یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی B-19 جوہر ٹاؤن لاہور پہنچ جانی چاہئیں۔

❁ Makro Cash & Carry کو سٹور آفیسرز، کیشئرز، ایڈمن اینڈ لوجسٹک سنٹر آفیسرز، Goods Receiving Officers اور Tlesales Officers درکار ہیں۔ درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ 6 مئی ہے۔ ایڈریس ہیومن ریسورسز مینیجر D-22 منگو پیر روڈ سائٹ ایریا کراچی۔

❁ Efroze کیمیکل انڈسٹریز کو ڈاکٹرز میل اینڈ فی میل میڈیکل آفیسرز، آئی سی یو میڈیکل آفیسرز، پیرا میڈیکل سٹاف، نرسز، ٹیکنیشنز، ٹیلی فون آپریٹرز، پلمبرز، الیکٹریشنز، اکاؤنٹینٹس، ککس، ڈش واشر اور ہیلپرز درکار ہیں۔ درخواستیں کورنگی کراسنگ کورنگی روڈ کراچی پوسٹ کوڈ 75190 کے ایڈریس پر بھجوائی جاسکتی ہیں۔

❁ ٹیلی کام میں تجربہ کار اور گریجویٹ افراد جو کہ CS/CE/CIS کی ڈگری کے حامل ہوں درکار ہیں درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 مئی 2007ء ہے۔ ایڈریس:

Box # 73858 C/O Dawn Karachi

نوٹ:۔ تفصیلات کے لئے 29/اپریل 2007ء کا انگریزی اخبار ڈان ملاحظہ فرمائیں۔

(نظارت صنعت و تجارت)

نکاح و تقریب رخصتانہ

❁ مکرم عمران احمد صاحب دارالعلوم شرقی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی ہمشیرہ مکرمہ فائزہ منور صاحبہ بنت مکرم منور احمد صاحب بھٹی مرحوم کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرم خالد احمد صاحب بھٹی ابن مکرم محمد صدیق صاحب بھٹی نواب شاہ مورخہ 25 مارچ 2007ء کو دارالعلوم شرقی حلقہ نور میں مکرم مغفور احمد صاحب منیب نائب ناظر اصلاح و ارشاد مقامی نے بعوض ایک لاکھ روپے حق مہر پر کیا۔ مکرم منیر احمد صاحب فرخ امیر جماعت اسلام آباد نے دعا کے ساتھ رخصت کیا دلہن مکرم محمد یار عارف صاحب چک 98 شمالی ضلع سرگودھا کی پوتی ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر دو خاندانوں کے لئے یہ رشتہ بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ کرے۔ آمین

پتہ درکار ہے

❁ مکرم ضیاء الحق شاہ صاحب ولد نعمت علی شاہ صاحب ساکن مونا باؤ تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاؤالدین کا حالیہ ایڈریس دفتر ہذا کو درکار ہے۔ اگر کسی صاحب کو محترم ضیاء الحق شاہ صاحب کا موجودہ پتہ معلوم ہو تو براہ کرم دفتر دارالقضاء ربوہ کو بھجوا کر ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم مرزا خلیل احمد قمر صاحب

حضرت مسیح موعود کی تحریرات اور ملفوظات میں مستعمل

حافظ شیرازی کے اشعار

حضرت مسیح موعود نے درج ذیل فارسی شعراء کے اشعار اپنی کتب تقاریر میں استعمال فرمائے ہیں بعض اشعار ایک سے زائد بار بھی مستعمل ہوئے ہیں۔

نام	اشعار	مصرعے
1۔شیخ مصلح الدین سعدی	78	14
2۔مولانا جلال الدین رومی	21	4
3۔حافظ شیرازی	20	3
4۔مولانا جامی	5	1
5۔مولانا نظامی	3	2
6۔امیر خسرو	1	3
7۔عمر خیام	2	......
8۔سرمد	2	1
9۔عبداللہ انصاری	2	......
10۔نظیری	1	......
11۔ہلالی	1	......
12۔ابوسعید ابی الخیر	......	1
13۔شمس تبریز	......	1
14۔عرفی	......	1
15۔محمد شاہ رنگیلا	......	1
16۔محمد یوسف سنوری	1	......

بطور ضرب المثل 7 اشعار اور 10 مصرعے استعمال ہوئے ہیں۔

36 اشعار اور 5 مصرعوں کے بارے میں ابھی تک معلوم نہیں ہوسکا کہ یہ کس کے ہیں۔

حضرت مسیح موعود نے حافظ شیرازی کے 20 اشعار اور 3 مصرعے استعمال کئے ہیں بعض اشعار کئی بار استعمال کئے ہیں۔

1-خوش بود گر محکّ تجربہ آید بمیاں
تاسیہ روئے شود ہر کہ دروغش باشد
(براہین احمدیہ۔روحانی خزائن جلد اول ص303)

ترجمہ: بہتر ہو کہ تجربہ کی کسوٹی استعمال کی جائے تاجس کا جھوٹ ثابت ہو جائے اس کا منہ کالا ہو۔

2-گویند سنگ لعل شود درمقام صبر
آرے شود ولیک بخون جگر شود
(ملفوظات جلد چہارم ص18)

ترجمہ : کہتے ہیں صبر کرنے (یعنی لمبا عرصہ گذرنے) سے پتھر لعل بن جاتا ہے ہاں بن جاتا ہے لیکن خون جگر پی کر

3-گرچہ وصالش نہ بکوشش دہند
ہر قدر اے دل کہ بتوانی بکوش
(الحکم 10/اکتوبر 1905 ملفوظات جلد چہارم ص411)

ترجمہ: اگرچہ اس کا وصال کوشش سے حاصل نہیں ہوسکتا پھر بھی اے دل جہاں تک تجھ سے ہوسکے کوشش کرلے۔

4 -ترسم آں قوم کہ بر درد کشاں مے خندند
در سرِ کار خرابات کند ایمان را
(براہین احمدیہ۔روحانی خزائن جلد اول ص671)

ترجمہ: میں ڈرتا ہوں کہ جو لوگ تلچھٹ پینے والوں پر ہنستے ہیں وہ کسی دن اپنا ایمان شراب وغیرہ کے کاموں پر لٹادیں گے۔

5 -زاہد ظاہر پرست از حال ما آ گاہ نیست
درحق ماہر چہ گوئی ،ہیچ اکراہ نیست
(مجموعہ اشتہارات جلد اول ص94)

ترجمہ: کوئی ظاہر پرست زاہد ہمارے حال سے واقف نہیں ہوسکتا اس لئے ہمارے متعلق تو جو کچھ بھی کہے بُرا ماننے کی کوئی وجہ نہیں۔

6- نصیحت گوش کن جاناں کہ از جاں دوست تر دارند
جواناں سعادت مند پند پیر دانا را
(سرمہ چشم آریہ روحانی خزائن جلد دوم ص103)

ترجمہ: اے عزیز نصیحت پر کان دھرا کرو کیونکہ نیک کردار نوجوان بوڑھے دانا کی نصیحت کو جان سے زیادہ عزیز تر رکھتے ہیں

7۔عیب رنداں مکن اے زاہد پاکیزہ سرشت
توچہ دانی کہ پس پردہ چہ خوبست وچہ زشت
(ازالہ اوہام۔روحانی خزائن جلد3 ص302)

ترجمہ: اے پاک طبیعت زاہد رندوں پر اعتراض مت کر تجھے کیا پتہ کہ پردہ کے پیچھے کوئی چیز خوبصورت ہے یا بدصورت ۔

8 - چوبشنوی سخن اہل دل مگو کہ خطا است
سخن شناس نہ دلبرا خطا اینجاست
(ازالہ اوہام۔روحانی خزائن جلد نمبر 3 ص320)

ترجمہ: جب تو دل والوں کی کوئی بات سنے تو مت کہہ اٹھ کہ غلط ہے اے عزیز تو بات نہیں سمجھ سکتا غلطی تو یہی ہے

9 -آسماں بار امانت نتواست کشید
قرعہ فال بنام من دیوانہ زدند
(آئینہ کمالات اسلام۔روحانی خزائن جلد5 ص173)

ترجمہ: فرشتے اس امانت کا بوجھ نہ اٹھا سکے آخر قرعہ فال مجھ دیوانہ کے نام ہی نکلا

10 -درکوئے نیکنامی مارا گذرنداند
گر تو نمے پسندی تغیر کن قضا را
(مجموعہ اشتہارات جلد سوم صفحہ 231)

ترجمہ: نیک نامی کے راستہ تک ہمیں رسائی نہیں ملی اگر تجھے پسند نہیں تو حکم قضا کو بدل لے اگر تجھ سے ہوسکے۔

11-یہ بین تفاوت رہ از کجاست تا بکجا
(الحکم 6 جنوری 1900ء ملفوظات جلد اول ص300)

ترجمہ: دیکھو راستہ کا فرق کہاں سے کہاں تک ہے۔

12-پیداست ندا کہ بلندست جنابت
(الحکم 10 دسمبر 1900 ملفوظات جلد اول ص436)

ترجمہ: آواز سے ظاہر ہے کہ تیری بارگاہ بہت بلند ہے۔

13 -فیض روح القدس ارباز مدد فرماید
ہمہ آں کا رکنیم آنچہ مسیحا مے کرد
(اربعین روحانی خزائن جلد 17 ص359)

ترجمہ: اگر روح القدس کا فیض مدد کرے تو سبھی وہ کام ہم کریں جو مسیحا کیا کرتا تھا

14- چہ خوش ترانہ زدآں مطرب مقام شناس
کہ درمیاں غزل قول آشنا آورد
(الحکم 24 اپریل 1902 ملفوظات جلد دوم ص202)

ترجمہ: اس موقع شناس گویّے نے کتنا اچھا راگ گایا۔کہ غزل کے اندر محبوب کی بات بھی لے آیا۔

15-خیال روئے تو بستن نہ کار خاماں است
کہ زیر سلسلہ رفتن طریق عیار یست
(الحکم 24 اگست 1902 ملفوظات جلد دوم ص256)

ترجمہ: تیرے چہرے کا تصور جمانا کچے آدمیوں کا کام نہیں کیونکہ تری زلفوں کے سایہ میں آنا چالاکی کا طریقہ ہے-

16 - مرید پیر مغانم زمن مرنج اے شیخ
چرا کہ وعدہ تو کردی و اوبجا آورد
(کشتی نوح۔روحانی خزائن جلد19 ص44)

ترجمہ: اے شیخ میں تو پیر مغاں کا مرید ہوں مجھ سے مت ناراض ہو کیونکہ وعدہ تو نے کیا تھا اور پورا اس نے کردیا۔

17 - سخن انیست کہ مابے تو نخواہیم حیات
بشنو اے پیک سخن گیرد سخن بازرساں
(ملفوظات جلد دوم ص294)

ترجمہ: پیغام یہ ہے کہ ہم تیرے بغیر زندگی کے خواہشمند نہیں اے قاصد پیغام سمجھ لے اور پھر اسے اس طرح پہنچانا۔

18 -واعظاں کیں جلوہ بر محراب مے کنند
چوں بخلوت مے روند آں کار دیگر مے کنند
(الحکم 24 اپریل 1903ء ملفوظات جلد سوم ص230)

ترجمہ: وہ واعظ جو محراب و منبر پر دکھائی دیتے ہیں جب خلوت میں جاتے ہیں تو اس کے الٹ کام کر جاتے ہیں۔

19 -چو کار عمر ناپیدا ست با ایں اولیٰ
کہ روز واقعہ پیش نگار خود باشیم
(الحکم 31 اکتوبر 1902ء، ملفوظات جلد چہارم ص394، ملفوظات جلد دوم ص399)

ترجمہ: جب عمر کا معاملہ پوشیدہ ہے تو بہتر ہے ہم موت کے آنیکے دن محبوب کے سامنے ہوں۔

20۔ توبہ فرمایاں چرا خود توبہ کمتر مے کنند
(البدر 15 مئی 1903ء ملفوظات جلد سوم صفحہ 290)

ترجمہ۔توبہ کی تلقین کرنے والے خود کیوں کم توبہ کرتے ہیں۔

21۔ مابداں منزل عالی نتوانیم رسید
ہاں اگر لطفِ توشما پیش نہد گامے چند
(البدر 8 جون 1904 ملفوظات جلد چہارم ص58)

ترجمہ: ہم اس عالی بارگاہ تک نہیں پہنچ سکتے سوائے اس کے تو خود مہربانی سے چند قدم آگے بڑھ آئے۔

22 -عاشق کہ شد کہ یار بحالش نظر نکرد
اے خواجہ درد نیست وگرنہ طبیب ہست
(حقیقۃ الوحی۔روحانی خزائن جلد22 ص178)

ترجمہ: کون عاشق ہے جو محبوب کے حال پر نظر نہ کرے۔حضرت درد ہی نہیں ورنہ طبیب تو موجود ہے

23 - ہزار نکتۂ باریک ترزمو اینجاست
نہ ہر کہ سر بتر اشد قلندری داند
(تتمہ حقیقۃ الوحی روحانی خزائن جلد22 ص566)

ترجمہ: یہاں بال سے بھی باریک ہزاروں بھید ہیں یوں نہیں کہ جو بھی سر منڈ والے اس کو قلندری سمجھ لے۔

حافظ شیرازی

ایران کے ممتاز شاعر حافظ شیرازی کا پورا نام حافظ محمد شمس الدین تھا۔آپ کا لقب لسان الغیب اور ترجمان الاسرار ہے۔والد کا نام بہاؤ الدین تھا جو تاجر تھے اور کاروبار کے سلسلہ میں اصفہان کو چھوڑ کر شیراز میں رہائش پذیر ہوگئے ابو اسحٰق اینجہ اور مبارزالدین شاہ شجاع فارس کے حکمران حافظ کے معاصر تھے۔زمانہ سیاسی بے چینی کا تھا۔جس کا اثر شاعری پر بھی پڑا،غزلیات کا رنگ عموماً عارفانہ ہے شہرت ہندوستان پہنچی تو محمود شاہ بہمنی بادشاہ دکن اور غیاث الدین حاکم بنگال نے آنے کی دعوت بھیجی۔ لیکن حافظ سفر کی زحمت برداشت نہ کر سکے۔تصیف ''دیوان حافظ'' کی قدر و قیمت کا یہ عالم ہے کہ لوگ اس سے فال بھی نکالتے ہیں

دیوان حافظ کا ترجمہ دنیا کی کئی زبانوں انگریزی عربی، جرمن ،فرانسیسی ،ترکی اور اردو میں ہوچکا ہے۔

عربی میں ایک ترجمہ مصری پروفیسر ابراہیم نے کیا اس باب میں گوئٹے کے دیوان مغربی کو بھی نہیں بھولنا چاہیے ۔مغربی تراجم میں ہرمن بکنل اور کیپٹن وبر فورس نے مکمل دیوان کے تراجم کئے۔مس گرٹروڈ بل نے تینتالیس منتخب غزلوں کا ترجمہ کیا تراجم کا سلسلہ اب تک جاری ہے مگر حافظ کے کلام کی رعنائی اور اس کی اصل روح کو ترجمے کی قید میں لانا تقریباً ناممکن ہے اس کی شاعری کی سب سے بڑی خصوصیت جذب و مستی وارفتگی اور ذوق وشوق کی ایک کیفیت ہے جو دنیا کے بہت کم شاعروں کو نصیب ہوئی ہے کلام حافظ میں جذبہ وفن اور حقیقت و مجاز کی پر کیف اور بیمثال ہم آہنگی ہے رضا قلی ہدایت کے خیال میں ایران کی چار مقبول ترین کتابیں یہ ہیں ''دیوان حافظ'' ''گلستان سعدی'' ''شاہنامہ فردوسی'' اور ''مثنوی معنوی'' حافظ نے قران مجید حفظ کیا تھا اس لئے یہ تخلص اختیار کیا عربی زبان پر اس کی غیر معمولی قدرت کا اندازہ اس کے دیوان کے مطالعے سے ہوسکتا ہے۔

ماخوذ

جمہوریت کے سو برس۔ ہر دہائی کا جائزہ

1901ء تا 2000ء تک جمہوریت کے قیام کی تاریخ

جمہوری تصورات کے ارتقا اور جمہوریت کے عملی اطلاق کی تاریخ میں دلچسپ فرق پایا جاتا ہے۔ یورپ میں علوم کا احیا سولہویں اور سترھویں صدی میں ہوا۔ اٹھارھویں اور انیسویں صدی میں دنیا دریافت سے ایجاد کے عہد میں داخل ہوئی۔ اس عہد کی اہم ترین ایجادات میں چھاپہ خانہ، آبی توانائی (کپڑا سینے کی لوم) دخانی توانائی (بھاپ سے چلنے والا ریلوے انجن) اور برقی توانائی (بجلی) کو شمار کیا جاتا ہے۔ ان عہد آفریں ایجادات کے صنعتوں میں ظہور سے پیداواری ڈھانچوں، فکری سانچوں اور معاشرتی تعلقات کی نئی صورتیں سامنے آنے لگیں۔ روزگار کی نئی صورتوں سے نئے معاشی طبقات پیدا ہوئے تو حکمرانی کے طور طریقوں پر سوالات اٹھنے لگے۔ دریافت اور ایجاد کے دوراہے سے علم کے نئے آفاق نمودار ہوئے تو قدیم اخلاقی اقدار پر بھی از سر نو غور و فکر شروع ہوا۔

1688ء میں برطانیہ میں آئینی بادشاہت قائم ہوئی اور اس کے ٹھیک سو برس بعد فرانس میں انقلاب برپا ہوا۔ عین اس وقت بحیرہ اوقیانوس کے اس پار امریکہ میں انسانی تاریخ کا پہلا باضابطہ جمہوری دستور تشکیل دیا جا رہا تھا۔ تھامس پین اپنی تحریروں سے نسل انسانی کو حیرت کا درس دے رہا تھا۔ جرمنی میں کانٹ اور ہیگل فلسفہ اور فکر کو نئی جہتیں بخش رہے تھے۔ برطانیہ میں ہیوم اور لاک نے جمہوریت کے بنیادی اصولوں اور مفروضات پر تاسیسی کام کیا، رودبار انگلستان کے پار فرانس میں روسو، والٹیر، دیدرو اور ماٹیس کیو اپنی تحریروں سے انسانی فکر اور عوامی شعور میں انقلاب برپا کر رہے تھے۔ فکر انسانی کے خمیر میں انسان دوست اور جمہوری عناصر کی آمیزش کی جا رہی تھی۔ انیسویں صدی کے آخر تک جمہوریت کے فکری خدوخال اور مفروضات بہت حد تک واضح شکل اختیار کر چکے تھے تاہم کرہ ارض پر جمہوریت کی عملی صورت گری کا خواب اپنی تکمیل سے بہت دور تھا۔

بیسویں صدی شروع ہوئی تو افریقہ، ایشیا اور لاطینی امریکہ کے وسیع خطے نو آبادیاتی استحصال کے چنگل میں گرفتار تھے۔ براعظم یورپ کے بیشتر حصوں پر مطلق العنان بادشاہت یا شخصی حکومتوں کا چلن تھا۔ 1908ء میں سویڈن سے آزادی کے بعد ناروے نے بھی بادشاہت قائم کر لی۔ ترکی سے آزادی کے بعد البانیہ نے بھی یہی راستہ اختیار کیا۔

اس دہائی کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ گزشتہ دو صدیوں میں ارتقا پانے والے فلسفیانہ افکار عوام تک پہنچ رہے تھے۔ چنانچہ ہر جگہ عوام اور محکوم طبقات میں آزادی، مساوات اور معیار زندگی میں بہتری کے لئے بے پناہ جوش و خروش پایا جاتا تھا۔ جمہوریت کی اقدار اور جمہوری طرز حکومت کے عملی پہلو بڑی حد تک واضح ہو چکے تھے۔ تاہم جمہوری طرز حکومت کا کوئی کامیاب عملی نمونہ موجود نہیں تھا۔

سیاسی ڈھانچوں کے ارتقا اور معاشی و معاشرتی تبدیلیوں میں گہرا تعلق پایا جاتا ہے۔ جہاں تک معاشی ترقی کا سوال ہے بیسویں صدی کے ابتدائی برسوں میں گزشتہ صدی کی حیران کن سائنسی ایجادات اور دریافتوں کے باعث ترقی کا اکہرا تصور پایا جاتا ہے۔ یہ سادہ لوح خیال عام تھا کہ انسانی علوم و فنون اپنے انتہائی عروج کو پہنچ چکے ہیں۔ بہترین انسانی معاشرے کا نمونہ حاصل کیا جا چکا ہے۔ آئندہ انسانی ارتقا کا راستہ ہموار ہو گا۔ یہ تصور انسانی معاشرے کی پیچیدگی کو نظر انداز کرنے کے علاوہ انسانی امکان کے بے پناہ تنوع اور وسعت پر عدم اعتماد بھی ظاہر کرتا تھا۔ مثال کے طور پہ شہری منصوبہ بندی کے ماہرین موٹر کار کو محض ایک عجوبہ سمجھتے تھے اور یہ ماننے پر تیار نہیں تھے کہ مستقبل قریب میں گھوڑا گاڑی کا استعمال متروک ہو جائے گا۔ حربی امور کے اعلیٰ ترین اساتذہ جنگ میں ہوائی جہاز کی اہمیت کو سمجھنے سے قاصر تھے۔ ترقی اور جدت کے اس محدود تصور کا سیاسی پہلو یہ تھا کہ جمہوریت کو ایک پیچیدہ سیاسی نظام کی بجائے گویا بجلی کا بلب قسم کی کوئی چیز سمجھا جاتا تھا جس کا کھٹکا دبانے سے پلک جھپکنے میں روشنی ہو جائے۔ اس سے ایک طرف تو جمہوریت پسندوں کو فوری نتائج کی عدم موجودگی میں مایوسی ہوتی تھی۔ دوسری طرف جمہوریت دشمن عناصر کو جمہوریت کی ابتدائی ناکامیوں کو دلیل بنا کر جمہوری تصورات کو لتاڑنے کا موقع ملتا تھا۔

اس عشرے میں دنیا بھر میں بیک وقت جمہوری، اشتراکی اور نراجی تصورات مقبول ہو رہے تھے۔ رجعت پرست طبقہ ان تمام فکری تحریکوں میں کوئی فرق کئے بغیر انہیں یکساں طور پر استبداد اور استحصالی نظام کے لئے خطرناک سمجھتا تھا۔ چنانچہ مراعات یافتہ طبقات جمہوریت کے خلاف پراپیگنڈے اور گٹھ جوڑ کی ایک وسیع مہم کا حصہ تھے۔

پورے یورپ میں، سوائے برطانیہ کی آئینی بادشاہت کے، کہیں بھی جوابدہ جمہوری حکومت کا وجود نہیں تھا۔ برطانیہ میں بھی دارالعلوم کے لئے حق رائے دہی میں حسب نسب، جنس اور تعلیمی حیثیت کی بنیاد پر امتیازات موجود تھے۔ دوسری طرف یہ بھی حقیقت تھی کہ برطانیہ کے نو آبادیاتی مقبوضات دیگر تمام نو آبادیاتی ریاستوں سے زیادہ تھے۔ صنعتی طور پر ترقی یافتہ امریکہ میں رنگ کی بنیاد پر بدترین امتیازی سلوک موجود تھا۔ عورتوں اور سیاہ فام شہریوں کو حق رائے دہی حاصل نہیں تھا۔ دوسرے لفظوں میں کہا جا سکتا ہے کہ بیسویں صدی کے آغاز پر سوائے آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے دنیا میں کہیں بھی مکمل بالغ رائے دہی اور جمہوری حکومت کا مثالی نمونہ موجود نہیں تھا۔

1911ء تا 1920ء

1914ء تک براعظم یورپ میں صرف تین جمہوریتیں موجود تھیں۔ یعنی فرانس، سوئٹزرلینڈ اور پرتگال۔ جہاں تک ریاستی بندوبست کے خدوخال کا تعلق ہے انیسویں صدی سے بیسویں صدی کی پہلی دہائی تک عالمی سطح پر تین قابل ذکر رجحانات پائے جاتے تھے۔

1۔ ریاستی تنظیم سے آزاد علاقوں کو قومی ریاستوں کے دائرہ کار میں لانا۔ بیسویں صدی کے آغاز پر دنیا بھر میں صرف صحرائے عرب کے کچھ ایسے حصے باقی رہ گئے تھے جو کسی ریاستی نظم کے پابند نہیں تھے جہاں لوگ خانہ بدوش طرز کی زندگی گزارتے تھے اور جو کسی قومی ریاست کا حصہ نہیں تھے۔

2۔ طاقتور ریاستوں کی طرف سے کمزور مگر آزاد ریاستوں کو اپنا حصہ بنا لینا مثلاً زار روس نے وسط ایشیائی ریاستوں کا روس کا حصہ بنا لیا۔

3۔ چھوٹی ریاستوں کا مل جل کر ایک بڑی ریاست تشکیل دینا مثلاً جنوبی یورپ میں بہت سی چھوٹی چھوٹی ریاستوں کے انضمام سے اٹلی کا قیام اور شمالی یورپ میں جرمنی کا اتحاد۔

ان تینوں رجحانات کے نتیجے میں ریاستوں کی مجموعی تعداد میں قابل ذکر کمی واقع ہوئی۔

بیسویں صدی کی دوسری دہائی میں پرانا عالمی نظام گویا زلزلوں کی زد میں رہا۔ تعلیم کے فروغ، کسی قدر خوشحالی نیز ذرائع پیداوار میں وسعت اور معیشت کے ابھرتے ہوئے رجحانات نے قدیم سیاسی ڈھانچوں میں دراڑیں ڈالنا شروع کر دیں۔ 1910ء میں پرتگال میں بادشاہت کا خاتمہ ہوا۔ چینی بادشاہت انسانی تاریخ میں کسی خطے پر مسلسل حکمرانی کا قدیم ترین ادارہ تھا۔ 1911ء میں چین میں بادشاہت ختم ہوئی۔ 1917ء میں زار روس کو تخت سے دست بردار ہونا پڑا۔ 1918ء میں جرمنی اور آسٹریا میں بادشاہت ختم ہو گئی۔ ترکی میں عثمانیہ خاندان کی حکومت رسمی طور پر 1923ء تک جاری رہی۔ تاہم حقیقی معنوں میں پہلی عالمی جنگ ترک بادشاہت کے لئے بھی نقارہ کوچ ثابت ہوئی۔ پہلی عالمی جنگ کے بعد دھوئیں کے بادل صاف ہوئے تو معلوم ہوا کہ دنیا کے نقشے سے چار مضبوط ترین بادشاہتوں کا خاتمہ ہو چکا تھا۔

پہلی عالمی جنگ ایک سیاسی قتل سے شروع ہوئی تھی اور متحارب فریق مختلف مقاصد کے ساتھ اس جنگ میں شریک ہوئے تھے۔ کسی کو عالمی منڈیوں پر اجارہ درکار تھا تو کوئی نو آبادیاتی نظام کا تحفظ چاہتا تھا۔ کسی کو جمہوریت کا فروغ عزیز تھا تو کسی کو نئے جنگی ہتھیاروں کی آزمائش مطلوب تھی۔ امریکہ اس جنگ کے اختتامی مرحلے میں میدان میں اترا تھا۔ امریکی صدر ولسن نے عالمی جنگ کو جمہوریت کے فروغ کا ذریعہ قرار دیا۔ عالمی طاقتیں خاص طور پر فاتح اقوام پہلی عالمی جنگ کے تاریخی، سیاسی، معاشرتی اور معاشی عواقب سمجھنے میں ناکام رہیں۔ عالمی جنگ میں کامیابی کو جدید سیاسی و معاشی حقائق نیز بدلتے ہوئے عالمی تناظر میں سمجھنے کی بجائے از کار رفتہ جنگی اصطلاحات میں پرکھا گیا۔ جنگ میں فتح کو گویا اپنے قومی دعوؤں اور ہنگامی نعروں کی کامیابی گردانا گیا۔ شکست خوردہ ملکوں پر بھاری تاوان جنگ عائد کیا گیا۔ ان کے حصے بخرے کرنے کے علاوہ انہیں معاشی اور سماجی طور پر کمزور کرنے کی کوشش کی گئی۔ ان ہتھکنڈوں سے مفتوح ممالک میں پیدا ہونے والا غم و غصہ دوسری عالمی جنگ پر منتج ہوا۔

اس پورے عشرے میں دنیا کا نقشہ اتھل پتھل ہوتا رہا۔ انسانی معاشرہ بادشاہت، تحکم اور مطلق العنانی کے تاریک غاروں سے نکل کر لرزیدہ قدموں کے ساتھ نئی پگڈنڈیوں کی طرف بڑھ رہا تھا تاہم بے داغ سبزے کی بہار اور رواں پانیوں کے چشمے ابھی کچھ دور تھے۔

1921ء تا 1930ء

بہت سے ممالک میں سیاسی انتظام اور اقتدار کے قدیم نظام ختم ہو رہے تھے لیکن نئے بندوبست کے خدوخال واضح نہیں تھے۔ صدیوں تک بادشاہت کے زیر سایہ زندگی بسر کرنے والے معاشروں میں وہ سماجی ادارے، روایات اور رویے موجود نہیں تھے جو جمہوریت کے لئے لازم خیال کئے جاتے ہیں۔ مطلق العنانی کے برگد تلے انسانی مساوات، رواداری، استحقاق اور آزادی اظہار کے نازک پودے نہیں اگتے نہ ان رویوں پہ درباری سیاست کی تاریک غلام گردشوں میں برگ و بار آتا ہے۔

عالمی جنگ کے بعد جرمنی بادشاہت سے نکل کر عدم استحکام کے ایک طویل دور میں داخل ہو گیا۔ روس میں جمہوری حکومت ایک سال سے بھی کم عرصے میں دم توڑ گئی اور وہاں انسانی تاریخ میں پہلی بار اشتراکی نظام حکومت کا تجربہ شروع ہوا۔ ترکی میں خلافت کے خاتمے کے بعد فوجی مطلق العنانی کا آغاز ہوا۔ سپین، اٹلی اور جرمنی میں فسطائیت کی کثیف دھند چھا گئی۔

اگرچہ انیسویں صدی میں علاقائی بالادستی کی کشمکش نے ریاستی حد بندی میں نسلی شناخت کا رجحان بڑی حد تک محدود کر دیا تھا لیکن عالمی جنگ کے خاتمے پر نسلی بنیادوں پر کئی ممالک وجود میں آئے۔ تاہم اس تمام اتھل پتھل کا حتمی نتیجہ یہ نکلا کہ 1917ء میں چھ جمہوری ریاستوں سے بڑھ کر 1922ء تک جمہوریت سے وابستگی کی دعوے دار ریاستوں کی تعداد کم

ازکم اکیس ہو چکی تھی۔

اس دہائی میں ایک اہم واقعہ امریکہ اور برطانیہ سمیت دنیا کے بہت سے ممالک میں عورتوں کے لئے حق رائے دہی کا حصول تھا۔ قبل ازیں بہت کم ممالک میں عورتیں سیاسی عمل میں شریک ہوسکتی تھیں اور ان ممالک میں بھی عورتوں کے سیاسی اور جمہوری حقوق پر طرح طرح کی پابندیاں تھیں۔ عالمی جنگ میں مردوں کی بڑی تعداد میں لام بندی نے عورتوں کے لئے معیشت میں داخلے کی راہ ہموار کردی۔ کھیتوں اور کارخانوں میں افرادی قوت کے بحران سے نمٹنے کے لئے جنگ میں شریک بیشتر ممالک میں عورتوں نے مردوں کی جگہ سنبھال لی۔ جنگ کی ہنگامی صورتحال ختم ہونے کے بعد ان عورتوں کو ملازمتوں سے زبردستی فارغ کرنا ممکن نہیں تھا۔ جنہوں نے بحران میں اپنی تخلیقی اور انتظامی صلاحیتوں کا بھرپور ثبوت دیا تھا۔ معاشی حالت بہتر ہونے سے عورتوں کے سماجی مرتبے اور سیاسی رسوخ میں زبردست اضافہ ہوا۔ انسانی تاریخ میں پہلی مرتبہ عورتیں سیاست میں اپنی آواز بلند کررہی تھیں۔ اس عشرے کی ایک اہم خصوصیت غیر شخصی اور دوررس ذرائع ابلاغ مثلاً ریڈیو اور فلم کا ظہور تھا۔ ان ذرائع ابلاغ سے تعلیم یافتہ افراد کے علاوہ عام لوگوں کو بھی گھر بیٹھے دنیا کے دوسرے ممالک کی تہذیب، رہن سہن اور حالات کے بارے میں جاننے کا موقع ملا۔ ان معلومات کے نتیجے میں ایک طرف رہن سہن کے نمونوں اور اقدار میں تبدیلیوں کی رفتار تیز ہوئی۔ دوسری طرف پسماندہ ممالک اور نوآبادیات میں بسنے والے انسانوں میں ترقی جمہوریت اور آزادی کی تڑپ تیز ہوئی۔

1931ء تا 1940ء

بیسویں صدی کی چوتھی دہائی کا آغاز 1929ء ہی میں ہوگیا تھا۔ عالمی کساد بازاری سے شروع ہونے والا یہ عشرہ دوسری عالمی جنگ پر تمام ہوا۔ مستحکم جمہوری حکومتیں اس معاشی بحران پر کسی نہ کسی طور پر قابو پانے میں کامیاب ہوگئیں لیکن نوزائیدہ جمہوری حکومتوں اور غیر جمہوری مملکتوں میں معاشی بحران نے ایسی شدت اختیار کی کہ جمہوری امنگیں کملا کر رہ گئیں۔

غیر جمہوری حکومتوں سے جمہوریت کی طرف سفر میں عدم استحکام، افراتفری اور معاشی بحرانوں کا ظہور کم و بیش ناگزیر ہوتا ہے۔ جو قومیں یہ عبوری عرصہ جمہوریت کی ناگزیر قیمت سمجھتے ہوئے قبول کرلیتی ہیں، ان میں جمہوریت اپنے پیروں پر کھڑے ہونے میں کامیاب ہو جاتی ہے اور جو قومیں عارضی ابتلاء سے گھبرا کر فوری نجات کے لئے معروف راستے سے انحراف کرتی ہیں انہیں جمہوریت کی طرف سفر میں مزید بھٹکنا پڑتا ہے۔

جمہوریت افروزی کا راستہ طویل، صبر آزما اور پیچیدہ ہوتا ہے۔ جمہوریت کا لطیف دودھ تیر بہدف صدری نسخوں کی ملاوٹ قبول نہیں کرتا۔ جرمنی، اٹلی، سپین اور کچھ دوسری ریاستوں نے جمہوری تجربے کی کشاکش سے گھبرا کر جمہوریت سے انحراف کیا جس کا نتیجہ ان ریاستوں سمیت ساری دنیا کو دوسری عالمی جنگ کی صورت میں بھگتنا پڑا۔

بیسویں صدی کی چوتھی دہائی جمہوریت کے فروغ میں جمود کا عرصہ تھا جو فسطائیت، جارحیت اور خانہ جنگی سے عبارت تھا۔ اس عشرے کی بحرانی کیفیت میں جمہوریت کے نوزائیدہ تجربے کی ساکھ کو بے حد نقصان پہنچا۔ فکر و فلسفے میں تعقل کی بجائے رومانیت غالب آئی۔ سیاست میں روشن خیالی کی جگہ رجعت پسندی رائج ہوئی۔ فنون عالیہ میں رجائیت کی بجائے مایوسی اور روایت پسندی نے زور پکڑا۔ جمہوریت کی طرف پیش رفت سیدھی شاہراہ پر مسلسل سفر نہیں ہے۔ معاشرتی ارتقاء کی منزل پیمائی میں ہزار کٹھنائیاں آتی ہیں۔ فسطائیت اور نظریاتی آمریت پر محیط یہ عشرہ انسانی تاریخ کا ایک بڑا المیہ تھا اور جمہوری تجربے میں اضطراب انگیز فصل خزاں۔

1941ء تا 1950ء

دوسری عالمی جنگ چھ برس تک پانچ براعظموں پر لڑی گئی۔ کروڑوں انسان جن میں پیشہ وارانہ ماہرین، ہنرمند، تجربہ کار، معمر افراد اور باصلاحیت نوجوان شامل تھے، ہلاک ہوگئے۔ مرنے والوں کی تعداد کا اندازہ چھ کروڑ سے اوپر تھا۔ خوشحال اور زرخیز خطے بدحالی اور ویرانی کا منظر پیش کررہے تھے۔ ان گنت شہر اور بستیاں صفحۂ ہستی سے معدوم ہوگئیں۔ مثال کے طور پر جرمنی میں 40 فیصد عمارتیں مکمل طور پر ملبے کا ڈھیر بن چکی تھیں۔ کروڑوں افراد بے گھری، بیماری یا بے روزگاری کا سامنا کررہے تھے۔ لاکھوں افراد غنیم کی قید میں تھے یا لاپتہ تھے۔ معمول کی شہری سہولیات مثلاً پینے کا پانی، گھروں کو گرم کرنے کا انتظام، لباس اور صفائی کا بندوبست ٹوٹ پھوٹ چکا تھا۔ سڑکیں، پُل اور ریلوے کی پٹڑیاں بیکار ہو چکی تھیں۔ بیشمار کارخانے بند پڑے تھے۔ بیشتر ممالک میں سیاسی نظام زمین بوس ہو چکا تھا۔ انتظامی ادارے ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھے۔ دنیا کی آزاد قوموں کی پچیس فیصد تعداد اٹھارہ (18) ریاستیں اپنا تشخص اور آزادی کھو بیٹھی تھیں۔

نظریاتی بنیادوں پر لڑی جانے والی اس جنگ کا آخری مرحلہ اور بھی خوفناک تھا جب ایٹمی تباہ کاری کی جھلک نے نسل انسانی کی بقا کو ہی خطرے سے دوچار کر دیا۔ تاہم انسانی برادری کی اجتماعی بلوغت میں یہ جنگ ایک اہم مرحلہ تھی۔ عالمی جنگ سے پہلے اور بعد کی دنیا میں کیفیت کے اعتبار سے منزلوں کا بُعد ہے۔ یورپ کی داخلی کشمکش کا آٹھ صدیوں پر محیط خوفناک کھیل بالآخر ختم ہو گیا۔ جنگ کے بعد دنیا واضح طور پر دو حصوں میں بٹ گئی۔ یورپ کے مغربی حصے میں جمہوریت قائم ہوئی۔ آدھی دنیا پہ یک جماعتی آمریت کا آہنی پردہ کھنچ گیا۔ نوآبادیاتی نظام ختم ہوگیا۔ افریقہ اور ایشیا کی نوآزاد ریاستوں کے عوام غیر ملکی استبداد سے آزاد ہوکر مقامی حکمرانوں اور طالع آزما جرنیلوں کی رعایا بن گئے، لیکن اس عشرے کی تباہ کاری سے چند اہم مثبت پہلو برآمد ہوئے۔

(الف) جنگ و جدل کی حتمی صورت اور منطقی انجام دیکھنے کے بعد انسانیت نے بڑی حد تک امن سے وابستگی اختیار کرلی۔

(ب) جمہوریت سے وابستگی نے جمہوری اور غیر جمہوری ریاستوں کے لئے یکساں طور پر قابل قبول قدر کی حیثیت اختیار کرلی۔ بدترین آمریتیں بھی خود کو ''خالص'' جمہوریت کہنے لگیں۔ فکری سطح پر یہ جمہوریت کی اہم کامیابی تھی۔

(ج) انسانی حقوق کی صورت میں تاریخ انسانی میں پہلی دفعہ انفرادی اور اجتماعی استحقاق، آزادیوں نیز ریاستی ذمہ داریوں کے معیارات اور مشترک اجتماعی اقدار کا نسلی، مذہبی، جنسی اور ثقافتی امتیاز سے بالا خاکہ سامنے آیا۔ فسطائیت، نسل پرستی اور نوآبادیاتی محکومی کا سیاسی، اخلاقی اور قانونی جواز ختم ہوگیا۔ اب انسانی آزادی کے خواب کو حقیقی اور عملی صورت دینے کا مرحلہ درپیش تھا۔

1951ء 1960ء

بیسویں صدی کا چھٹا عشرہ نظریاتی کشمکش سے عبارت ہے۔ عالمی جنگ میں جمہوری ریاستوں کی تعداد کم ہوتے ہوتے صرف نو رہ گئی تھی لیکن پچاس کی دہائی کے آغاز پر دنیا کی نصف آبادی جمہوری نظام کے تحت زندگی گزار رہی تھی۔ جنگ سے قبل کمیونزم صرف سوویت یونین تک محدود تھا۔ جنگ کے بعد کمیونسٹ ریاستوں کی تعداد 13 ہوگئی اور دنیا کے ایک تہائی رقبے پر اشتراکیت کا غلبہ قائم ہوگیا۔ اس عشرے میں ریاستیں نوآبادیاتی غلامی سے آزاد ہوئیں۔

عالمی جنگ فسطائیت اور اس کی مخالف قوتوں کے درمیان لڑی گئی تھی۔ فسطائیت مخالف قوتوں کو مشترکہ طور پر اتحادی طاقتوں کا نام دیا گیا تھا۔ ان اتحادیوں میں شہری آزادیاں اور جمہوری طرز حکومت کی حامی ریاستیں بھی شامل تھیں اور آمرانہ طرز حکومت پر مبنی ایسی اشتراکی طاقتیں بھی اس اتحاد کا حصہ تھیں جو اپنے شہریوں کی اظہار رائے، نقل و حرکت اور نجی ملکیت کے حقوق دینے پر آمادہ نہیں تھیں۔ عالمی جنگ کے فوراً بعد ان دونوں نظام ہائے حکومت میں تضاد اور کشمکش ناگزیر تھی۔ سرمایہ داری اور اشتراکیت کی اس مسابقت کو سرد جنگ کا نام دیا گیا۔

یہ دونوں فریق نوآزاد ریاستوں پر اپنا اثر رسوخ قائم کرنے کے لئے بے چین تھے۔ اس موقع پر امریکہ نے جو غیر رسمی طور پر سرمایہ دارانہ جمہوریت کی قیادت کررہا تھا، اشتراکی اثر و نفوذ کے سامنے بند باندھنے کے لئے یہ نظریہ پیش کیا کہ ترقی پذیر ممالک میں سلامتی ہی ترقی ہے اور سرمایہ دارانہ اصطلاح سلامتی کا مفہوم ہر جائز اور ناجائز طریقے سے اشتراکی فکر اور سیاسی اور معاشی اثر و نفوذ کے پھیلاؤ کو روکنا تھا۔ سلامتی کو ترقی کے مترادف قرار دینے سے دو بنیادی نتائج برآمد ہوئے۔

1۔ نوآزاد ریاستوں میں عوام کی معاشی اور سماجی ترقی بنیادی ترجیح نہ رہی جس سے ایشیا اور افریقہ کے درجنوں نوآزاد ممالک میں عوام اور معاشی اور سیاسی مفہوم اعتبار سے پسماندہ رہ گئے۔

2۔ سلامتی کا تصور ناگزیر طور پر فوجی قوت سے جڑا ہوا ہے۔ چنانچہ ان ممالک میں دفاعی صلاحیت کو ترقی دینے اور مضبوط بنانے پر بہت زیادہ وسائل صرف کئے گئے جس کے نتیجے میں ان ممالک میں فوج کا ادارہ سیاسی اور سماجی اداروں کے مقابلے میں طاقتور ہوا۔ فیصلہ سازی میں فوج کی دخل اندازی یہاں تک بڑھی کہ ایشیا، افریقہ اور لاطینی امریکہ کے درجنوں ممالک میں فوج نے اقتدار پر براہ راست قبضہ کرلیا۔

3۔ سلامتی کو ترقی پر ترجیح دینے کا نتیجہ یہ نکلا کہ نوآزاد ریاستوں میں جمہوریت کا امکان ختم ہوکر رہ گیا۔ معاشرتی ترقی کا خواب پورا نہ ہوسکا اور سماج اور علمی پسماندگی کے سایے لمبے ہونے لگے۔ ان ممالک میں غیر جوابدہ اور آمرانہ فوجی حکومتوں نے بدعنوانی اور لوٹ کھسوٹ کے گوناگوں نئے انداز ایجاد کئے۔ اپنے جائز جمہوری اور معاشی حقوق کا مطالبہ کرنے والے شہریوں، سیاسی کارکنوں اور دانشوروں کو جبر و تشدد کے ذریعے کچل کر رکھ دیا گیا۔

زیر نظر عشرے میں اشتراکیت اور سرمایہ دارانہ جمہوریت کی نظریاتی کشمکش نے واضح سیاسی، فوجی اور معاشی خدوخال اختیار کئے۔ دونوں طرف سے بالترتیب وارسا پیکٹ اور نیٹو کے نام سے فوجی اتحاد تشکیل دیئے گئے۔ دونوں متحارب گروپوں میں اپنے مقاصد کے لئے غلط یا صحیح حربوں کا امتیاز اٹھ گیا۔ ایک طرف سرمایہ دار جمہوری ممالک اشتراکی حلقہ اثر کو محدود رکھنے کے لئے نوآزاد ایشیائی اور افریقی ریاستوں کو انسانی ترقی کی بجائے نام نہاد سلامتی کا درس پڑھا رہے تھے جو مطلق العنان بادشاہتوں، طالع آزما فوجی حکمرانوں اور آمروں کے ذریعے پایہ تکمیل کو پہنچایا جارہا تھا۔ دوسری طرف اشتراکی کیمپ میں آزادی اور شفاف تمدن کی ہر قدر روندی جارہی تھی۔ بنیادی انسانی ضروریات قربان کرکے اسلحہ کے انبار لگائے جارہے تھے۔ آزادی جمہور کا خواب ابھی تشنۂ تکمیل تھا۔

1961ء تا 1970ء

بیسویں صدی کا ساتواں عشرہ اپنی کیفیت کے اعتبار سے چھٹی دہائی کا ضمیمہ معلوم ہوتا ہے۔ درحقیقت ایسا نہیں تھا۔ کیوبا اور برلن میں نظریاتی محاذ آرائی کی بدترین صورتیں محض ایک جھلک دے سکی تھیں لیکن فریقین کو اس کھیل کے نتائج کا بھرپور اندازہ ہوگیا۔ اس سے خط تقسیم کے دونوں طرف رابطے اور مکالمے کی ضرورت کا احساس پیدا ہونے لگا۔

چھٹی دہائی میں نو آبادیاتی غلامی کا شکار قوموں کے آزاد ہونے کا عمل کسی قدر سست ہونے کے بعد ساتویں عشرے میں نہایت سرعت سے آگے بڑھا۔ دس برس کے عرصے میں انچاس قومیں آزاد ہوئیں۔ غلامی کی تاریک رات میں قومی کردار کا چاند گہنا جاتا ہے۔ نو آزاد مملکوں کو اس حقیقت کا اندازہ ہو رہا تھا۔ معدودے چند مستثنیات کے، ایشیا اور افریقہ میں کم و بیش ہر جگہ قومی قیادتوں کی ناکامی نے نو آبادیاتی نظام سے آزادی کے خواب کی تعبیر تلخ کردی۔ نو آزاد ممالک بیرونی غلامی سے آزاد ہو کر مقامی استحصالی عناصر، جاہ پسند سیاستدانوں اور طالع آزما آمروں کے شکنجے میں پھنس گئے۔

اس عشرے کی ایک اہم خصوصیت ترقی یافتہ اور پسماندہ قوموں میں اس نسل کا جوان ہونا تھا جو عالمی جنگ کے دوران یا فوراً بعد پیدا ہوئی۔ اس نسل نے اپنے تشکیلی برسوں میں انسانی ترقی، انسانی حقوق اور عالمی امن کی جو گردان سنی تھی وہ اس کے اساسی خمیر کا حصہ بن چکی تھی۔ چنانچہ تلخ زمینی حقائق اور نوجوان آدرشوں میں شدید کشمکش شروع ہوئی۔ نسلی امتیاز کے خلاف شہری حقوق کی تحریک سامنے آئی۔ عورتوں کے حقوق کی تحریک نے شدت اختیار کی۔ نوجوانوں کی آزادروی اور باغی رجحانات نے قریب قریب ایک مذہب کا درجہ اختیار کر لیا۔ ویت نام کی جنگ کے خلاف طلباء کی مزاحمت نے انسانی ضمیر کو ایک نئی جہت عطا کی اگرچہ ضمیر کی یہ آزادی اور اظہار کی یہ نمو جمہوری نظام ہی میں ممکن تھی۔ ترقی یافتہ ملکوں میں نوجوانوں کے عدم اطمینان کی ایک مختلف صورت نو آزاد اور ترقی پذیر ملکوں میں جمہوری تجربے کی ناکامی اور انسانی ترقی کے غیر اطمینان بخش اشاریوں کے تناظر میں سامنے آئی جہاں نوجوانوں نے ازکار رفتہ ثقافتی روایات، نام نہاد مذہبی احیاء اور مفروضہ قومی خود مختاری کے انتہا پسندانہ تصورات میں پناہ لی۔ اگرچہ ان رجحانات کو مفید مطلب پا کر مراعات یافتہ طبقوں اور استحصالی گروہوں نے بھی ہوا دی۔

1971ء تا 1980ء

بیسویں صدی کی آٹھویں دہائی جمہوری تجربے کے لئے خوش گوار نہیں تھی۔ اشتراکی تجربے کے جمود سے قطع نظر جمہوری مملکتوں کا حال برا تھا۔ ترقی پذیر ممالک میں کم از کم 12 ریاستوں کی جمہوری تجربے کی بساط لپیٹ دی گئی۔ ایک طرف واٹر گیٹ سکینڈل کے بعد امریکہ کے جمہوری نظام کی ساکھ ڈانوا ڈول تھی دوسری طرف بھارت کے تیس سالہ جمہوری تجربے کو ایمرجنسی کی صورت میں پہلا شدید دھچکا پہنچا۔ لاطینی امریکہ کے آٹھ ممالک میں فوجی جنتا اقتدار پر قابض تھی۔ افریقہ میں پے در پے بغاوتوں نے سیاسی اور انتظامی بندوبست کو بچوں کا کھیل بنا دیا۔

ایشیائی اور افریقی ممالک میں آمریتوں کا عروج مقامی حالات کی غمازی ضرور کرتا تھا لیکن اس میں سرد جنگ کی مرکزی کردار بڑی طاقتوں کا بھی ہاتھ تھا۔ روس اور امریکہ نے اپنے حامی طاقت ور آمروں کی جمہوری تجربے کی بے یقینی پر ترجیح دیتے تھے۔ جمہوری ممالک میں کہیں کہیں بندوق بردار ٹھگوں کے بارے میں اکا دکا آواز بلند ہوتی تھی لیکن فریقین کو اس امر کا اندازہ تھا کہ اگر کسی آمر کو دیوار سے لگایا گیا تو وہ لڑھک کر حریف گروہ سے جا ملے گا۔ سو بڑی طاقتیں اپنے پروردہ آمر حکمرانوں کو کلیدی معاملات پر اطاعت کے عوض بدعنوانی، معاشی پسماندگی امتیازی سلوک اور ریاستی جبر جیسے معاملات پر کھلی چھٹی دے دیتی تھیں۔ اس حکمت عملی سے تیسری دنیا میں اشتراکیت کا نفوذ روک دیا گیا لیکن دنیا کے بڑے حصوں سے طائر جمہوریت کوچ کر گیا۔

اس عشرۂ تاریک میں روشنی کی ایک کرن یورپ کے جنوبی منطقے میں بحیرہ قلزم کے ساحلوں پر نمودار ہوئی جہاں چین، سپین، پرتگال اور یونان میں طویل انتظار کے بعد آزاد اور غیر جانبدارانہ انتخابات منعقد ہوئے۔ اسی طرح آٹھویں عشرے کے آخری برسوں میں یوگنڈا، زمبابوے، کمبوڈیا اور ایران میں حکومتوں کی تبدیلی سے کسی قدر امید بندھی۔ یہ تبدیلیاں پورے طور پر جمہوری تو نہیں تھیں تاہم ان میں آنے والے برسوں کے غالب رجحانات کی ابتدائی جھلکیاں موجود تھیں۔

1981ء تا 1990ء

جمہوری ارتقاء کے اعتبار سے بیسویں صدی کی نویں دہائی نہایت دلچسپ ثابت ہوئی۔ اس عشرے کے پہلے ساڑھے نو برس میں اشتراکی اور سرمایہ دارانہ بلاک میں حد بندی کم و بیش قائم رہی۔ 1911ء کے چینی انقلاب کے بعد سے یہ پہلا عشرہ تھا جس میں کوئی قومی ریاست نو آبادیاتی نظام سے آزاد نہیں ہوئی۔ گویا نو آبادیاتی نظام کا مکمل خاتمہ ہو چکا تھا۔ سات عشروں میں یہ پہلا موقع تھا کہ دنیا کے کسی حصے میں کوئی بادشاہت ختم نہیں ہوئی۔ پانچ عشروں میں پہلا موقع تھا کہ عربوں اور اسرائیل میں لڑائی نہیں ہوئی۔ تین عشروں میں پہلا موقع تھا کہ پاکستان اور بھارت میں جنگ نہیں ہوئی۔ پورے عشرے میں جنگ اور امن کی صورت حال کم و بیش معلق رہی۔ اس عشرے میں لڑی جانے والی پندرہ میں سے گیارہ جنگیں ایسی تھیں جو 1979ء میں شروع ہو چکی تھیں اور 1990ء تک جاری رہیں۔ ایران عراق جنگ واحد اہم مسلح تصادم تھا جس کا آغاز اور اختتام اس عشرے ہی میں ہوا۔

بایں ہمہ بیسویں صدی کی نویں دہائی میں عالمی منظر پر جمہوریت اور آزادی کی فقید المثال کامیابی دیکھنے میں آئی اس ضمن میں عشرے کے آخری مہینے تاریخ ساز ثابت ہوئے جب یکے بعد دیگرے پورے مشرقی یورپ میں جمہوری قوتوں نے اشتراکی آمریتوں کا خاتمہ کر دیا۔ مشرق اور مغربی جرمنی میں حائل دیوار منہدم ہوگئی۔ چیکوسلواکیہ، پولینڈ، بلغاریہ، یوگوسلاویہ اور ہنگری میں کمیونسٹ حکومتیں ختم ہوگئیں۔ چین اور روس میں عملیت پسند اصلاحی تحریکیں شروع ہوئیں۔ جنوبی افریقہ کی حکومت نے نسلی امتیاز کی پالیسی کالعدم قرار دے دی۔ لاطینی امریکہ میں فوجی حکومتوں کی تعداد سات سے کم ہو کر صرف دو رہ گئی۔ مشرق بعید میں مقامی معیشتوں کی زبردست کارکردگی اور معاشرتی استحکام کے نتیجے میں بحرالکاہل کے ساحلوں پر آزادی اور جمہوریت اور خوشحالی کا پرچم لہرانے لگا۔

1991ء تا 2000ء

اشتراکی بلاک میں سیاسی بحران کے نتیجے میں دو بنیادی تبدیلیاں نمودار ہوئیں۔ 1989ء کے موسم خزاں میں مشرقی یورپ کی اشتراکی ریاستوں پر کمیونسٹ جماعتوں کا اجارہ ختم ہو گیا اور پھر 1991ء کے موسم گرما میں سوویت یونین سے مشرق وسطیٰ کی چھ ریاستیں علیحدہ ہوگئیں۔ دوسری طرف کمیونسٹ غلبے سے آزاد ہونے والی چار ریاستوں نے نسلی بنیاد پر چوبیس ریاستوں کی صورت اختیار کرلی۔

دنیا بھر میں چھوٹے چھوٹے آمروں نے سرد جنگ میں بڑی طاقتوں کو ایک دوسرے کے خلاف استعمال کرتے ہوئے اپنی دکان چمکا رکھی تھی۔ ان مقامی ٹھگوں کے دن گنے گئے۔ سوویت یونین کے طفیلی آمر بے یار و مددگار ہو گئے۔ دوسری طرف سرمایہ دارانہ مغرب کے خوشہ چینوں کو بھی اندازہ ہو گیا کہ کمیونسٹ دشمنی کی آڑ میں ان کا کھیل ختم ہو چکا۔ تیسری دنیا کے بہت سے ممالک میں نام نہاد مردان آہن نے شتابی سے سیاسی مخالفین کو رہا کیا۔ انتخابات کی تاریخ مقرر کی اور غیر ملکی بنکوں میں جمع شدہ دولت کے بل پر عیش کرنے کے لئے یورپ کے ساحلوں کا رخ کیا۔

ان تبدیلیوں کے نتیجے میں ایک نئی دنیا نے جنم لیا۔ 70 کی دہائی کے اوائل تک جمہوری حکومتیں وسیع براعظموں کے کناروں پر جہاں تہاں پائی جاتی تھیں۔ صدی کے آخری برسوں میں چار براعظموں یعنی یورپ، آسٹریلیا، شمالی امریکہ اور جنوبی امریکہ میں جمہوریت افروزی کا عمل مکمل ہو چکا تھا۔ نصف کے قریب افریقی ریاستوں میں آمریتوں کی جگہ جمہوریت بحال ہو چکی تھی۔ ایشیا کے متعدد ممالک میں جمہوری طرز حکومت قائم ہو چکا تھا۔ دنیا بھر کی نو آموز جمہوریتوں میں سیاسی مخالفین کو ڈرانے دھمکانے، خوشامدیوں کو نوازنے اور انتخابات میں دھاندلیوں کے واقعات جاری تھے۔ لیکن بندی خانے بڑی حد تک سیاسی مخالفین سے خالی تھے اور اخبارات دھوم دھام سے حکومتی کوتاہیوں کا محاسبہ کر رہے تھے۔ گویا دیوان جمہور کا درس شروع ہو چکا تھا۔

بیسویں صدی کی آخری دہائی میں جمہوری آدرشوں کی شاندار کامیابی کے ساتھ ساتھ عالمی منظر پر کچھ اور تاریخ ساز تبدیلیاں بھی نمودار ہوئیں۔ ان میں اہم ترین تبدیلی معلومات کا انقلاب تھا۔ کمپیوٹر، ای میل، موبائل فون اور سیٹلائٹ ٹیلی ویژن کی نشریات نے گویا فاصلے ہی مٹا ڈالے۔ معلومات کے اس طوفان بلاخیز کے نتیجے میں دنیا کے دور دراز گوشوں میں مشترکہ ثقافت کے آثار نمودار ہونے لگے۔ تحکم پسند حکومتوں کے لئے اپنے عوام کو بے خبر اور پسماندہ رکھنا مشکل سے مشکل تر ہونے لگا۔

خبر کے انقلاب سے بھی بڑی تبدیلی معیشت کے نمونوں میں نمودار ہوئی۔ تجارت نئی دنیا کا اسم اعظم قرار پائی۔ قومی خود مختاری، مقدس سرحدوں اور مسلح تصادم جیسے الفاظ اپنے معنی کھونے لگے۔ بیسویں صدی کے آخری برسوں میں معاشی مقابلہ قوموں اور بڑی سرمایہ کار کمپنیوں سے آگے نکل کر انفرادی ذہنی سرمائے کے دور میں داخل ہو گیا۔ پلاسٹک کے ایک چھوٹے سے ٹکڑے نے اربوں ڈالر کے معاشی لین دین سے سونے کے ذخائر کو قدیم معیشت میں بدل دیا۔ بنگال یا شنگھائی کے ایک چھوٹے سے کمرے میں کمپیوٹر پر جھکا نوجوان ہزاروں میل دور اجنبی زمینوں میں اپنی خدمات فراہم کرنے لگا۔ یہ وہ سرمایہ ہے جسے قومیایا نہیں جا سکتا۔ یہ وہ دولت ہے جس کی آخری حد کا تعین قانون سازی سے نہیں، منڈی کی طلب و رسد سے ہوتا ہے۔ معیشت کے جدید رجحانات کے اثرات قوموں کے معیار زندگی کے علاوہ سیاسی طور طریقوں پر بھی ظاہر ہونے لگے۔ جدید ذرائع پیداوار اور انسانی سرمائے کی قوت کا اندازہ فن لینڈ اور پاکستان کے تقابلی جائزہ سے لگایا جا سکتا ہے۔ یورپ کے ایک چھوٹے سے ملک فن لینڈ کی آبادی لاہور شہر کی آبادی کا صرف دو تہائی ہے۔ 2003ء میں فن لینڈ کا سالانہ بجٹ 87.03 ارب ڈالر اور پاکستان کا بجٹ 12.08 ارب ڈالر تھا۔ انسانی ترقی کے اشاریوں میں فن لینڈ کا درجہ 13 اور پاکستان کا 142 واں تھا۔ ایک طرف یورپین یونین تیزی سے ایک بڑے معاشی اور سیاسی بلاک کی صورت اختیار کرنے لگی دوسری طرف بھارت اور چین جیسے ممالک بڑی معاشی طاقتوں میں شمار ہونے لگے۔

بہت سی خانہ جنگیاں اور علاقائی جنگیں اپنے آپ ختم ہو گئیں۔ کیونکہ سوویت سرپرستی میں چلنے والی حکومتیں نہ رہیں تو مغرب کو بھی کرائے کے گوریلا جنگجوؤں کی ضرورت باقی نہ رہی۔ جہاں تک جنگ کا تعلق ہے چھوٹے موٹے اختلافات، تنازعات اور جنگیں جاری رہیں اور شاید طویل عرصہ جاری رہیں۔

اہم بات یہ ہے کہ بیسویں صدی کے آغاز پر دنیا میں ایک آدھ جمہوری حکومت پائی جاتی تھی جو جمہوریت کے معروف تصورات پر کلی طور سے کاربند نہیں تھی۔ جب سو برس بعد اکیسویں صدی کا باب اول شروع ہوا تو جمہوریت کا صحیفہ مکمل ہو چکا تھا، اب تفسیر و تعبیر کا سلسلہ جاری رہے گا۔

****

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 68490 میں رفیع احمد

ولد غلام نبی قوم جٹ ونیس پیشہ کھیتی باڑی عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر R-4/3 ضلع مظفر گڑھ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-3-23 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) موٹر سائیکل مالیتی اندازاً -/38000 روپے اس وقت مجھے مبلغ -/25000 روپے سالانہ بصورت کھیتی باڑی محنت مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ رفیع احمد گواہ شد نمبر 1 حبیب اللہ خان ولد حاجی عبدالقادر خان (مرحوم)۔ گواہ شد نمبر 2 غلام نبی ونیس ولد احمد دین

مسل نمبر 68491 میں امۃ اللہ بیگم

بیوہ چوہدری محمد اقبال قوم سندھو پیشہ خانہ داری عمر 80 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر R-4/3 ضلع مظفر گڑھ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-3-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) نقد رقم -/2300000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2500 روپے ماہوار بصورت منافع مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ امۃ اللہ بیگم۔ گواہ شد نمبر 1 حبیب اللہ خاں ولد حاجی عبدالقادر (مرحوم)۔ گواہ شد نمبر 2 داؤد احمد ولد ناظر حسین

مسل نمبر 68492 میں ناصر احمد گھمن

ولد بشیر احمد قوم گھمن پیشہ کاشتکاری عمر 48 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر R-4/3 ضلع مظفر گڑھ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-3-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) زرعی اراضی بارانی 5/1 ایکڑ مالیتی -/200000 روپے۔ اس وقت مجھے بصورت کھیتی باڑی مبلغ -/36000 روپے سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ ناصر احمد گھمن۔ گواہ شد نمبر 1 حبیب اللہ خان ولد حاجی عبدالقادر (مرحوم) گواہ شد نمبر 2 داؤد احمد ولد ناظر حسین

مسل نمبر 68493 میں امۃ الشافی

زوجہ ناصر احمد گھمن قوم گھمن پیشہ نرسنگ عمر 56 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر R-4/3 ضلع مظفر گڑھ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-3-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) دو کنال زمین چوک سرور شہید مالیتی -/300000 روپے (2) 15 مرلہ زمین چوک سرور شہید مالیتی -/60000 روپے (3) 1 کنال زمین چوک سرور شہید مالیتی -/60000 روپے (4) 12 مرلہ زمین عظیم پارک ربوہ مالیتی -/1000000 روپے (5) 1 کنال زمین نصرت کالونی ربوہ مالیتی -/1500000 روپے (6) ایک مربع زمین بارانی پتل منڈا شرقی مالیتی اندازاً -/500000 روپے (7) حق مہر ادا شدہ -/10000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/43000 روپے سالانہ بصورت ملازمت مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ۔ امۃ الشافی۔ گواہ شد نمبر 1 حبیب اللہ خان ولد حاجی عبدالقادر (مرحوم)۔ گواہ شد نمبر 2 داؤد احمد ولد ناظر حسین

مسل نمبر 68494 میں محمد لقمان

ولد محمد سلیمان قوم جٹ پیشہ ملازمت عمر 35 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چاہ بی بی والا ضلع لودھراں بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-2-18 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زمین 4 کنال مالیتی اندازاً -/125000 روپے (2) رہائشی پلاٹ 5 مرلہ مالیتی -/50000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/7000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/4000 روپے سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ محمد لقمان۔ گواہ شد نمبر 1 محمد نور بھٹی معلم سلسلہ وصیت نمبر 30157۔ گواہ شد نمبر 2 پرویز احمد وصیت نمبر 43142

مسل نمبر 68495 میں طاہر احمد

